تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-35869501-042 -35856304-042 فیکس 35834000-042
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی
06-مارچ 2020ء

# پریس ریلیز

## امریکہ کے انخلاء کا معاہدہ افغان طالبان کی عظیم فتح ہے — حافظ عاکف سعید

لاہور(پ ر) امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے اپنے بیان میں افغان طالبان اور امریکہ امن معاہدے کو انتہائی خوش آئند قرار دیا اور اِسے طالبان کی فتح مبین قرار دیا۔ اُنھوں نے کہا کہ امریکہ 48 ممالک کے لاؤلشکر کے ساتھ افغانستان پر حملہ آور ہوا تھا مگر 19 سال کے طویل عرصے میں کوئی کامیابی حاصل نہ کرسکا۔ نہتے افغان مجاہدین نے اللہ تعالیٰ کی نصرت وتائید سے موجودہ سپر پاور امریکہ اور اُس کے تمام اتحادیوں کو ناکوں چنے چبوادیے جس کے نتیجے میں امریکہ امن معاہدہ پر مجبور ہوا۔ میڈیا اسے امن معاہدہ قرار دے رہا ہے جبکہ درحقیقت یہ امریکہ کے ناجائز قبضے کے خاتمے کا معاہدہ ہے۔ امریکہ ایک دھوکے باز ملک ہے لہٰذا حالیہ امن معاہدے کے باوجود افغان مجاہدین کو امریکہ سے ہمہ وقت چوکنا اور ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ افغان مجاہدین اپنی مومنانہ فراست کو بروئے کار لاتے ہوئے امریکہ کے مذموم عزائم کو خاک میں ملادیں گے۔ ان شاءاللہ!

بھارت میں بگڑتے ہوئے حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے اُنھوں نے کہا کہ دہلی میں مسلم نسل کشی کی حالیہ مہم کو ہندو مسلم فسادات کا نام دینا مودی سرکار کی پُرفریب پالیسی کا حصہ ہے۔ درحقیقت مسلمانوں کی نسل کشی کی یہ تازہ اور منظم مہم مسلح دہشت گرد وانتہا پسند ہندوگردی کی بدترین مثال ہے۔ پچاس سے زائد مسلمانوں کو ٹارگٹ کرکے قتل عام، سینکڑوں کی تعداد میں زخمی، مساجد کو شہید اور مسلمانوں کے گھروں کو مسمار کیا گیا۔ جس پر بین الاقوامی انسانی حقوق کی تنظیمیں اور عالمی میڈیا بھی خاموش نہ رہ سکا۔ انڈونیشیا، پاکستان اور ایران نے انتہا پسند مودی حکومت کی مسلم کش پالیسی کی مذمت کی ہے۔ اُنھوں نے مطالبہ کیا کہ تمام مسلمان ممالک مل کر بھارت کے خلاف تجارتی و سفارتی پابندیاں عائد کریں۔ ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ملتِ واحدہ کی صورت اختیار کریں اور متحد ہو کر اپنے دشمن کا مقابلہ کریں لیکن اِس مقابلے سے پہلے اُنھیں حقیقی معنوں میں مسلمان ہونا ہوگا تا کہ اللہ تعالیٰ کی تائید اور نصرت انہیں حاصل ہوسکے۔

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

جاری کردہ

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 06 March 2020**

## "The agreement of 'Termination of US Occupation' is a manifest victory for the Afghan Taliban."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The agreement of 'Termination of US Occupation' is a manifest victory for the Afghan Taliban."**

The Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, has said that the 'peace deal' between USA and the Afghan Taliban is a welcome development and termed it as a manifest victory for the Afghan Taliban. He said that USA invaded Afghanistan with an alliance of 48 countries and even after a long war of 19 years has not been able to gain success of any kind. The ill-equipped Afghan Mujahideen, with the succor of Allah *(SWT)*, totally humiliated and embarrassed the superpower of today's world, USA, along with all its allies in the battlefield, that left USA with no other choice but to seek for a 'peace agreement'. While the media is spinning the agreement as a 'peace deal, but it is, in fact, an agreement of the termination of the illegal US occupation of Afghanistan. The history of USA is full of deception, therefore, the Afghan Mujahideen must remain extremely vigilant and watchful against US treachery, despite the current 'peace deal'. We are confident that the Afghan Mujahideen will trounce all nefarious designs of USA, with the 'vision of faith' bestowed upon them by Almighty Allah *(SWT)*. *InshaAllah!*

While commenting on the deteriorating situation in India, the Ameer said that labelling the latest campaign of organized genocidal attacks on Muslims in New Delhi as 'communal riots between Hindus and Muslims' is part of the deceitful policy of the Modi regime. The fact of the matter is that this recent and organized drive of genocide of Muslims has been carried out by militant and terrorist Hindu mobs and is an example of the worst kind of fascist Hindu terrorism against Muslims. More than 50 Muslims were targeted and martyred, hundreds of Muslims were seriously wounded, Mosques were demolished and countless houses of Muslims were razed to the ground. The magnitude of the genocidal activities of extremist Hindus was such that even international human rights organizations and the international media could not remain silent. Indonesia, Pakistan and Iran have all vehemently condemned this policy of organized genocide against Muslims being perpetrated by the fascist and extremist Modi regime. The Ameer demanded that all Muslim countries ought to slap combined and cohesive diplomatic, trade and economic sanctions on India. He said that in the present situation, it has become imperative for the Muslims of the world to take the form of a single and unified body (Ummah) and combat their enemies in unison. He concluded by asserting that in order to do so they would have to become genuine practicing Muslims so that they could be eligible for the succor of Allah *(SWT)*.


**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**